© rasailojaraid.com



آموز اور حیرت انگیز بائیس واقعات جمع کئے گئے ہیں ۔ انہیں پڑھ کر یہ احساس اور بھی گہرا ہو جاتا ہے کہ مسلمانوں کے ادبار اور تنزل میں بنیادی حصہ ، خدا فراموشی ، خود فراموشی ، حب دنیا ، موت سے فرار ، اتحاد کا فقدان اور حالات کا غیر حقیقت پسندانہ سامنا کرنا ہے ۔

**آئینۂ صداقت** | از مولانا فیروز الدین روحی ، ناشر مکتبۂ معاویہ ۱/۲ بی ون ایریا لیاقت آباد کراچی ۱۹ ۔ صفحات ۱۹۲ ، قیمت دو روپے ۔

برصغیر میں بریلوی اور دیوبندی نزاع کی تاریخ بہت پرانی ہے ۔ کچھ سیاسی اغراض بھی اس کے پروان چڑھانے کا سبب بنیں ۔ اور ایک خاص مقصد کے تحت اس ملک میں اسلام کو اس کی شکل میں محفوظ رکھنے اور یہود و نصاریٰ سے لڑنے والی جماعت حقہ کے خلاف ایک پورا مکتب فکر کھڑا کیا گیا ۔ پیش نظر کتاب میں دونوں فریقوں کے مسلک کی حقیقت اور اس ضمن میں وہابیت کی حقیقت ، شاہ ولی اللہ اور ان کی تحریک دیوبند کی مختصر تاریخ اور پھر مسلمانوں میں انتشار و افتراق پیدا کرنے والے مساعی سے پردہ اٹھایا گیا ہے ۔ کتاب مسلک حقہ سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے معلومات آفرین ہے ۔

**سیرت فریدیہ** | تالیف سر سید احمد خان ترتیب محمود احمد صاحب برکاتی ۔

خواجہ فریدالدین خان (م ۱۸۲۸ء) جنہیں اکبر شاہ ثانی کے زمانہ (اوائل اٹھارویں صدی) میں وزارت اور خلعت سے نوازا گیا ۔ اور اہم ملکی و ملی امور کی انجام دہی کا موقعہ ملا ۔ سر سید مرحوم نے ان کی مختصر سوانح لکھی تھی ۔ مرتب کتاب نے سر سید کے افکار و کردار پر ایک مبسوط مقدمہ بھی کتاب میں شامل کر دیا ہے ۔ اصل کتاب ص۳۷ سے شروع ہوتی ہے ۔ مگر یہ مقدمہ بھی افادیت میں اصل کتاب سے کچھ کم نہیں ۔ برصغیر میں مسلمانوں میں دور زوال کے آغاز سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے کتاب دلچسپی کا باعث ہوگا ۔ یہ کتاب بھی مکتبۂ معاویہ سے مل سکتی ہے ۔

**بیان الصرف اردو** | از مولانا عبدالرحمان ظفر ۔ قیمت ڈیڑھ روپیہ ۔ صفحات ۱۰۴ ناشر : کتب خانہ اشرفیہ چوبارہ روڈ لیہ (مظفر گڑھ) مغربی پاکستان ۔

قرآن و حدیث اور علوم دینیہ کیلئے جو علوم بنیاد کی حیثیت رکھتے ہیں ان میں علم صرف بھی ہے ۔ اردو میں بھی اس فن کے اصول و ضوابط مدون ہوئے ہیں ۔ ان کتابوں میں پیش نظر کتاب بھی ہے ۔ جس میں فن صرف کے اکثر قواعد آسان عبارت میں درج کئے گئے ہیں ۔ مؤلف کی محنت قابل داد ہے ۔ وہ اگر چاہیں تو اگلے ایڈیشن میں اغلاط کی تصحیح کے علاوہ مزید قواعد اور امثال کو بھی شامل



© rasailojaraid.com